امتحانی پرچہ مسیحی تعلیم (لازمی): گیارھویں جماعت کی تیاری کے لیے ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

مسیحی تعلیم (لازمی) برائے جماعت گیارھویں کا سالانہ پرچہ 50 نمبروں پر مشتمل ہو گا، جس کے لیے طلبہ کو دو گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہو گا، جس کے نمبروں کی تقسیم / Pairing Scheme حسبِ ذیل ہے:

حصہ اول: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 10)

حصہ دوم: مختصر سوالات (کل نمبر 20)

حصہ سوم: تفصیلی سوالات (کل نمبر 20)

گیارھویں جماعت کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصّہ اول	سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات	10 = 10 × 1 کل نمبر 10	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: کثیر الانتخابی سوالات باب اول، باب دوم اور سوم سے دو دو کثیر الانتخابی سوالات ، باب پنجم اور ششم میں سے دو دو کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔ باب چہارم سے کوئی کثیر الانتخابی سوال نہیں دیا جائے گا۔
حصّہ دوم	سوال نمبر 2: مختصر سوالات	6 = 3 × 2 کل نمبر 6	اس حصے میں کل چھے (6) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے تین (3) مختصر جوابی سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر 1 اور 2 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر 1 میں سے 3 اور باب نمبر 2 میں سے 3 مختصر جوابی سوالات شامل کیے جائیں۔**

	سوال نمبر3: مختصر سوالات	6 = 3 ×2 کل نمبر6	اس حصے میں کل چھے (6) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے تین (3) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر 3 اور باب نمبر 4 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر3 میں سے 3اور باب نمبر4 میں سے 3 مختصر جوابی سوالات شامل کیے جائیں۔**
	سوال نمبر4: مختصر سوالات	8 = 4 ×2 کل نمبر8	اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چار (4) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب نمبر 5 اور باب 6 سے ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ • **باب نمبر5 میں سے 4اور باب نمبر6 میں سے بھی 4 مختصر جوابی سوالات شامل کیے جائیں۔**
حصّہ سوم	سوال نمبر5: تفصیلی سوالات	6 = 1 ×6 کل نمبر6	درسی کتاب میں مجوزہ اسباق میں سے ہی بائبلی آیات کی تشریح کے لیے کہا جائے گا۔ طلبہ دو میں سے کوئی سی ایک آیت کی سیاق و سباق کے حوالہ سے تشریح کریں۔
	سوال نمبر6: تفصیلی سوالات	6 = 1×6 کل نمبر6	باب چہارم میں دی گئی شخصیات میں سے دو شخصیات کے بارے میں سوال پوچھا جائے اور ان میں سے ایک شخصیت پر مختصر نوٹ لکھنے کو کہا جائے۔ مثلاً 1. مقدس استیفانس شہید 2. ڈاکٹر فرینک خیر اللہ
	سوال نمبر7: تفصیلی سوالات	8 = 2 ×4 کل نمبر8	درسی کتاب میں مجوزہ اسباق کے صرف مشقی سوالات میں سے چار سوالات دیے جائیں گے۔ مثلاً؛ درج ذیل چار میں سے دو سوالوں کے جواب تفصیل سے دیجیے۔ ہر سوال کے نمبر 4 ہوں گے۔